SWIS-H
STATEWIDE INFANT
SCREENING - HEARING

میرے بچے کو سماعت کی سکرین دہرانے کی ضرورت کیوں ہے؟

کئی بچوں کو سماعت کی سکرین دہرانے کی ضرورت پڑتی ہے۔

ضروری نہیں اس کا مطلب یہ ہو کہ آپ کا بچہ سماعت سے محروم ہے۔ دوبارہ سکرین کی دوسری وجوہ بھی ہو سکتی ہیں۔

سکرین دہرانے کی ضرورت کی سب سے عام وجہ یہ ہے کہ پیدائش کے بعد آپ کے بچے کے کان میں پانی یا رکاوٹ ہوتی ہے۔

کئی کیسوں میں آپ کے اور بچے کے ہسپتال سے رخصت ہونے سے پہلے دوسری مرتبہ سکرین کر لی جاتی ہے۔

اگر آپ کے اور بچے کے ہسپتال میں ہونے کے دوران دوسری مرتبہ سکرین انجام دینا ممکن نہ ہوا تو آپ کے بچے کو ہسپتال سے رخصت ہونے کے بعد جلد ہی آؤٹ پیشنٹ کے طور پر یا مقامی کمیونٹی میں کسی جگہ سماعت کی دوسری سکرین کی پیشکش کی جائے گی۔

جس شخص نے آپ کو یہ بروشر دیا ہے، وہ آپ کو بتائے گا کہ دوسری مرتبہ سماعت کی سکریننگ کب اور کہاں ہو گی۔

نتائج

جونہی سماعت کی سکرین مکمل ہو جائے، آپ کیلئے نتائج کی وضاحت کی جائے گی اور آپ کے بچے کے پرسنل ہیلتھ ریکارڈ (بلیو بک) میں نتائج درج کر دیے جائیں گے۔

اگر دوسری مرتبہ سکرین سے واضح نتیجہ حاصل نہ ہو تو آپ کے بچے کو آڈیولوجسٹ کے یہاں سماعت کے تشخیصی جائزے کیلئے ریفر کیا جائے گا۔ آڈیولوجسٹ سماعت ٹیسٹ کرنے والا ماہر ہوتا ہے۔

یہ جلد از جلد پتہ چلانا اہم ہے کہ آپ کے بچے کو کتنی اچھی طرح سنائی دیتا ہے تاکہ آپ کو اور آپ کے بچے کو درست مشورہ اور مدد مل سکے۔

براہ مہربانی مزید معلومات کیلئے مندرجہ ذیل ویب سائیٹ دیکھیں:

http://www.health.nsw.gov.au/kids-families

مقامی رابطہ / ملاقات کے وقت کی تفصیلات

صحت کے بارے میں مشورے کیلئے *healthdirect Australia* (ہیلتھ ڈائریکٹ آسٹریلیا) سے رابطہ کریں
http://www.healthdirect.gov.au/
1800 022 222

© NSW Health September 2016 SHPN (NKF)150193

NSW GOVERNMENT | Health